**SET-4**

**Series : GBM/1**

کوڈ نمبر
Code No. **30/1**

طالب علم کوڈ نمبر جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

- برائے مہربانی جانچ لیجیے کہ پرچے میں چھپے ہوئے صفحات **7** ہیں۔
- سوالیہ پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر ہے جو طالب علم جوابات کی کاپی کے سرورق پر لکھے گا۔
- مہربانی سے چیک کیجئے کہ سوالیہ پرچہ مس **11** سوالات ہیں۔
- **برائے مہربانی جوابات لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھئے۔**
- سوالیہ پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالیہ پرچہ صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 تک طالب علم صرف پرچہ پڑھے گا اور اس وقت کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھے گا۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

مقرّرہ وقت : 3، گھنٹے　　　　　　　　　　　　کُل نمبر : 100

*Time allowed : 3 hours*　　　　　　　　　　*Maximum marks : 100*

.1 درج ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

”خوجی کی اکڑ جس سے اسے کافی نقصان پہنچتا ہے اس کے احساس برتری کی مظہر ہے۔ وہ اپنا نام کم سے

کم مفتی خواجہ بدیع صاحب علیہ الرحمتہ والغفران بتاتا ہے۔ ہار جانے کے بعد بھی ہار نہیں مانتا۔ مار کھانے کے بعد اپنی قرولی کو ضرور یاد کرتا ہے۔ اگر وہ ایسا نہ ہوتا تو ''فسانہ آزاد' کی شکل ہی کچھ اور ہوتی کیوں کہ وہی ہے جو اس طویل کتاب کو خشک ہونے سے بچا لیتا ہے۔ خوجی کی وہ خصوصیت جو اسے زوال آمادہ جاگیردارانہ تمدن کا خالص کردار بناتی ہے اس کا جذبۂ وفاداری ہے۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا کیا نام ہے ؟

(ii) خوجی کی اکڑ کس چیز کی مظہر ہے ؟

(iii) خوجی اپنا نام کیا بتاتا ہے اور اپنی قرولی کو کب یاد کرتا ہے ؟

(iv) ''خوجی نہ ہوتا تو ''فسانہ آزاد' کی شکل ہی کچھ اور ہوتی'' کا کیا مطلب ہے ؟

(v) خوجی کا جذبۂ وفاداری اسے کیا بناتا ہے ؟

یا

''جب سے اس ریلوے اسٹیشن کی حُسن کاری ہوئی ہے میں بھی دوسروں کی طرح صبح کو ادھر ہی آجاتا ہوں۔ اب صبح کے وقت بہت لوگ آجاتے ہیں۔ مردوں، عورتوں اور بچوں کا ہجوم ہوتا ہے۔ بہت چہل پہل رہتی ہے۔ پتہ نہیں یہ ضعیف آدمی یہاں کب سے آتا ہے۔ صبح کی سیر تو اس کا مقصد نہیں معلوم ہوتا کیونکہ یہ آکر اسی بینچ کے اسی ایک گوشے میں بیٹھ جاتا ہے۔ اپنی چپل سے ایک پاؤں نکال کر دوسرے پاؤں کے گھٹنے پر رکھ کر ماتھے کا پسینہ رومال سے پونچھتا ہے پھر اپنے کسی ایک ہاتھ پر ٹھوڑی لگا کر بڑے گمبھیر اور اٹل ایکچویل انداز میں دیکھتا ہے۔ کہیں بہت دور سیر کر لینے کے بعد میں جب تھک جاتا ہوں تو اس سے کچھ دور والی بینچ پر بیٹھ کر اخبار پڑھنے لگتا ہوں۔ اور کبھی کبھی گردن گھما کر اسے دیکھ بھی لیتا ہوں۔ وہ میری طرف کبھی نہیں دیکھتا۔ یا تو وہ سامنے دیکھتا ہے یا پھر پٹنہ جنکشن کی طرف جیسے اسے کسی کا انتظار ہو۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا کیا نام ہے ؟

(ii) صبح کو ریلوے اسٹیشن پر کن لوگوں کا ہجوم ہوتا ہے اور کیسا لگتا ہے ؟

(iii) ضعیف آدمی اسٹیشن پر آ کر کیا کرتا ہے ؟

(iv) مصنف تھک جاتا ہے تو کیا کرتا ہے ؟

(v) ضعیف آدمی کدھر دیکھتا رہتا ہے اور کیوں ؟

2. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) ''فسانۂ آزاد'' داستان ہے یا ناول تجزیہ کیجیے۔

(ii) امراؤ جان کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

3. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) بلونت سنگھ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ تحریر کیجیے۔

(ii) ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا وصیت کی ؟

(iii) افسانہ ''میں، وہ'' کا خُلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(iv) اختر الایمان کسی ایک طرح کی تعلیم پر کیوں نہ جم سکے اور جگا دھری پہنچے تو وہاں کیا منظر تھا ؟

4. درج ذیل شعری حصّوں میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

(i) دونوں جو لاں گاہِ جُنوں ہیں بستی کیا ویرانہ کیا
اُٹھ کے چلا جب کوئی بگولا، دوڑ پڑا دِوانہ بھی

(ii) خودرفتگیِ شب کا مزا بھولتا نہیں
آئے ہیں آج آپ میں یا رب کہاں سے ہم

(iii) جنگل میں ہوئی ہے شام ہم کو
بستی سے چلے تھے منہ اندھیرے

(iv) پرُسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا
دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہوگی

(v) زماں و مکاں تھے مرے سامنے بکھرتے ہوئے
میں ڈھیر ہو گیا طولِ سفر سے ڈرتے ہوئے

(i) شاعر بستی اور ویرانے میں کیا مناسبت بتا رہا ہے ؟

(ii) شاعر کو خود رفتگیٔ شب کا مزا کیوں نہیں بھولتا ؟

(iii) قواعد کی رو سے جنگل اور بستی کیا ہیں ؟

(iv) شاعر کے قلب و جگر کی حالت دیکھنے کے لائق کیوں ہوگی ؟

(v) طولِ سفر سے شاعر کیوں ڈر گیا ؟

**یا**

میں اوس بن کے برس جاؤں تیرے سبزے پر
میں گیت بن کے تری وادیوں میں کھو جاؤں
بس ایک بار بُلا لے مجھے وطن میرے
کہ تیری خاک کے دامن میں چھُپ کے سو جاؤں
شگفتہ گھاس میں یہ زرد، زرد ننھے پھول
نہ جانے کس لیے پگڈنڈیوں کو تکتے ہیں
انھیں خبر ہی نہیں ان کو چُننے والے آج
گھروں سے دور کسی کیمپ میں سسکتے ہیں

(i) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور شاعرہ کا نام کیا ہے ؟

(ii) وطن کے لیے شاعرہ کیا تمنا کر رہی ہے ؟

(iii) وطن سے مخاطب ہوکر شاعرہ کیا آرزو کرتی ہے ؟

(iv) شاعرہ کے نزدیک زرد پھول پگڈنڈیوں کو کیوں تکتے ہیں ؟

(v) گھروں سے دور لوگ کیمپ میں کیوں سسک رہے ہیں ؟

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) شفیق فاطمہ شعریٰ کی نظم ''یادنگر'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(ii) الطاف حسین حالی کی شاعری کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

6. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) صنعتِ تضاد کسے کہتے ہیں ؟ آرزو لکھنوی کی غزل کے چند مصرعوں سے اس کی مثال پیش کیجیے۔

(ii) ''زندگی ہے تو بہرحال بسر بھی ہوگی'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟ وضاحت کیجیے۔

(iii) ناصر کاظمی کی غزل گوئی کے امتیازات کیا ہیں ؟ مختصر لکھیے۔

(iv) ''گورِ غریباں'' کے اشعار کس انگریزی نظم کا ترجمہ ہیں ؟ اور شاعر اس نظم میں کیا پیغام دینا چاہتا ہے ؟ بیان کیجیے۔

7. درج ذیل میں سے صرف **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **4**

(i) نرمل ورما نے سیر وسیاحت کے دوران مسافر کی جن کیفیات کا ذکر کیا ہے انھیں اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(ii) افسانہ ''جنم دن'' کے مرکزی کردار کی معاشی تنگ دستی کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔

8. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **6**

(i) افسانہ ''جنم دن'' کے واقعات میں کس واقعے نے آپ کو بے حد متاثر کیا اور کیوں ؟

(ii) سائیکل کو دیکھ کر مصنف کو کیا خیال آیا اور اس نے بائیسکل کو دریا میں کیوں پھینک دیا ؟

(iii) چروپا کوف کی موت کا سبب کیا ہے ؟

(iv) ناول ''بیوہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟ اور مصنف نے کیا بتانے کی کوشش کی ہے ؟

.9 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے : **20**

(i) اردو نثر کے آغاز و ارتقا پر ایک نوٹ لکھیے۔

(ii) دبستان لکھنؤ کے مشہور شاعر خواجہ حیدرعلی آتش کی شاعری کے امتیازات کیا ہیں ؟ وضاحت کیجیے۔

(iii) عبدالرحمٰن بجنوری اور مجنوں گورکھپوری کی تنقید نگاری کے بارے میں لکھیے ۔

(iv) اردو افسانہ نگاری کے آغاز و ارتقا کے بارے میں لکھتے ہوئے راجندرسنگھ بیدی کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

.10 درج ذیل میں سے صرف **تین** سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **15**

(i) علامہ اقبال کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(ii) کنھیالال کپور کی طنز و مزاح نگاری کے بارے میں لکھیے ۔

(iii) فورٹ ولیم کالج کے قیام سے اردو کو کیا فائدے ہوئے ؟ وضاحت کیجیے۔

(iv) ''غالب نے مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا'' اس خیال کی روشنی میں غالب کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

.11 درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : **5**

(i) ''کلیم الدین احمد'' خاکے کا مصنف کون ہے ؟

(A) احمد جمال پاشا (B) رشید احمد صدیقی (C) سید احتشام

(ii) تشبیب اور مدح کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(A) غزل (B) نظم (C) قصیدہ

(iii) ان میں سے کون انشائیہ نگار ہے ؟

(A) خواجہ حسن نظامی (B) جمیل مظہری (C) راجندر منچندا بانی

(iv) جاں نثار اختر کا سنۂ وفات کیا ہے؟

(A) 1980ء (B) 1978ء (C) 1976ء

(v) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گُلاب کی سی ہے
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) استعارہ (B) تشبیہہ (C) تعلیل